## متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کا ورکرز کنونشن ہفتہ 18 اگست کو دوپہر 2 بجے لاہور کے الحمراء ہال میں ہوگا
## ورکرز کنونشن سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین ٹیلیفون پر خطاب کریں گے

لاہور۔۔۔16، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کا ورکرز کنونشن ہفتہ 18 اگست کو دوپہر 2 بجے لاہور کے الحمراء ہال میں ہوگا۔ ورکرز کنونشن سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلیفون پر خطاب کریں گے۔ کنونشن میں پنجاب کے تمام اضلاع سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان شرکت کریں گے۔ ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان نے بھرپور انداز میں کنونش کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں معاونت کیلئے ایم کیوایم پنجاب کی نگراں کمیٹی کے ارکان بھی لاہور پہنچ گئے ہیں۔

## حق پرست قیادت عوام کی عملی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے، انور عالم، عبدالحسیب
## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں حق پرست عوامی نمائندگان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔16، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے کراچی کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ حق پرست عوامی نمائندگان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، نیک محمد اور محترمہ خورشید افسر بھی موجود تھیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اپنے کارکنان کو ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے مسائل کے حل اور ان کی عملی خدمت کا درس دیا ہے اور حق پرست عوامی نمائندے جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے کراچی کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح حق پرست نمائندگان کراچی میں ترقیاتی اور تعمیراتی کام کروارہے ہیں وہ قابل تعریف ہے اور حق پرست عوامی نمائندگان کے ترقیاتی کام عوام کو دکھائی بھی دے رہے ہیں۔ انہوں نے حق پرست نمائندگان پر زور دیا کہ وہ عوامی مسائل کے حل کیلئے مزید جدوجہد کریں اور دکھی انسانیت کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ انقلابی تحریک ہے جو اجتماعی مفادات کے حصول پر یقین رکھتی ہے اور خلق خدا کی خدمت کرنا ایم کیوایم کا نصب العین ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن محمد اشرف اور ناظم آباد
## گلبہار سیکٹر کے کارکن محمد ارتضٰی خان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔16/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے پر ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن محمد اشرف ولد محمد یاسین اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے کارکن محمد ارتضٰی خان ولد محمد مرتضٰی کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## گھوٹکی کی پنہوراوررند برادریوں کے درجنوں بزرگوں اورنوجوانوں کی ایم کیوایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔16، اگست 2007ء

گھوٹکی کے گوٹھ دیھ نصیر دوھندو کی پنہور برادری کے درجنوں نوجوانوں اور بزرگوں نے ولی ڈنو خان، اللہ ڈوایو خان اور رونتی یونٹ رند گوٹھ کی رند برادری کے شمس خان رند، محمد نوازخان اورقربان رند کی سربراہی میں متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے تحت دیھ نصیر دوھندواور رونتی یونٹ رند گوٹھ میں منعقدہ اجتماع میں کیا۔ اجتماع میں حق پرست رکن قومی اسمبلی نثاراحمد پنہوراورایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم انسانیت کی بلاامتیاز رنگ ونسل اور مذہب عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اورگزشتہ دنوں ہونے والی طوفانی بارشوں کے دوران ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جس طرح سے بارش اورسیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی عملی امداد کی گئی وہ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوعناصر ایم کیوایم کے خلاف منفی اور جھوٹا پروپیگنڈہ کررہے ہیں وہ غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوایم کیوایم سے گمراہ کرنے کی سازش کررہے ہیں تاکہ ایم کیوایم کا پیغام فروغ نہ پاسکے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہ ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کےعوام میں شعوری بیداری کا آغاز ہوچکا ہے اورانشاءاللہ بہت جلد غریب ومتوسط طبقہ کےعوام متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے جمع ہوکر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کریں گے۔ قبل ازیں اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی نثار پنہور نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ کا خاتمہ چاہتی ہے اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کررہے ہیں۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر پنہوراوررند برادری کے نوجوانوں اور بزرگوں کا خیرمقدم کیا اورانہیں مبارکباد پیش کی۔

## عامر وحید کی خوشدامن کے انتقال پر ایم کیوایم کینیڈا کا اظہار تعزیت

ٹورنٹو۔۔۔16، اگست 2007ء

ایم کیوایم کینیڈا یونٹ کے نگراں ڈاکٹر سید علی اور قائم مقام آرگنائزر شکیل اختر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم کینیڈا کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن عامر وحید کی خوشدامن کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کینیڈا کے ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران نے بھی عامر وحید کی خوشدامن کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی۔

☆☆☆☆☆